ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(470)

30-08-2023

**بہاولپور(                 )وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری، گزشتہ 24 گھنٹے میں متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی۔منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے ایس ایچ اوز کو سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاری کا ٹاسک دیا تھا، جس کے نتیجہ میں بہاولپور پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور ایکشن جاری ہے۔گزشتہ 24 گھنٹے میں 16 مقدمات درج رجسٹرڈ کئے ۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 634 لیٹر دیسی شراب، 75 لیٹر لہن، 03 عدد چالو بھٹیاں، 10 کلو 30 گرام چرس برآمد کر لی۔جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں 10 منشیات کے عادی افراد کو برائے علاج معالجہ ہسپتال داخل کروایا گیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔منشیات مافیا کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی، خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔اس مہم میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مزید کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، متعدد ملزمان گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد کر لی

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (471)

30.08.23

## بہاولپور(      )ڈی پی اوسید محمد عباس نے پولیس افسران کواہم تنصیبات کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دے دیا۔

## عدالتوں، مالیاتی اداروں، پولیس کی تنصیبات اور غیر ملکی باشندوں کی رہائش گاہوں کی سیکیورٹی فول پروف بنائی جائے،ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹرعثمان انور کی سیکیورٹی بارے ہدایات کی روشنی میں ڈی پی اوسید محمد عباس نے پولیس افسران اورسیکیورٹی برانچ کوضلع بھر کی اہم تنصیبات کے سیکیورٹی آڈٹ کا حکم دے دیا،ڈی پی او نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہائی کورٹ،ضلعی عدالتوں، اسٹیٹ  بینک،سولر پارک، پولیس کی تنصیبات اور غیر ملکی باشندوں کی رہائش گاہوں کے علاوہ دیگر ایسے مقامات کی سیکیورٹی کوفول پروف بنایا جائے،دیگر سسٹر ایجنسیز کی مدد سے ایسی جگہوں کے اطراف میں سرچ آپریشن کیا جائے،کسی بھی غیر متعلقہ اور مشکوک افراد کوارد گرد منڈلانے کی اجازتِ نہ دی جائے،جدید ٹیکنالوجی اورسی سی ٹی وی کیمرہ جات کی مدد سے کڑی نگرانی کی جائے،انہوں نے مزید کہا کہ اہم تنصیبات پر تعینات پرائیوٹ سیکیورٹی گارڈز کے کوائف کا تفصیلی جائزہ لیا جائے،روزانہ کی بنیاد پر مختلف اوقات میں سرپرائز وزٹ کیے جائیں اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران کوالرٹ رہنے بارے سخت ہدایات جاری کی جائیں،انہوں نے کہا کہ اگر ہم الرٹ اور تسلسل سے فرائض سرانجام دیں گے تو شرپسند عناصر کسی صورت اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،سیکیورٹی فرائض میں غفلت پر ذمہ داران کوسخت محکمانہ احتساب کا سامنا کرنا پڑے گا۔غفلت لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:ڈی پی اوسید محمد عباس نے پولیس افسران کواہم تنصیبات کے سیکیورٹی آڈٹ کے حوالے سے احکامات جاری کردیئے